1989ء سے مسلسل اشاعت | 9 تا 15 ستمبر 2022 | شمارہ نمبر 37 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp | BMG





بزنس مین پینل | کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال | بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا | جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد | خامس سعید بٹ

چیئرمین | کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا | گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200


Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS



| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |

## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINAR SPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 26 رنگین اور 14 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیرا انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 01025620311714112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# پرنٹ پاک نمائش 2022: 3 تا 5 ستمبر تک کامیاب انعقاد

PrintPak

AN IMPRINT OF PAKISTAN'S PRINTING & PACKAGING INDUSTRY

3 - 5 SEPTEMBER 2022

KARACHI EXPO CENTRE - PAKISTAN

## مہمان خصوصی ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب، چیئرمین پاپگائی عزیز خالد، پلاٹینم اسپانسر محمد سلیم بیکیا،

## باسط ایم اے زیدی اور سینئر وائس چیئرمین پاپگائی عامر ظفر نے مشترکہ طور پر افتتاح کیا

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) کی سالانہ عالمی پرنٹ پاک نمائش 2022ء کا انعقاد کراچی ایکسپو سینٹر میں 3 تا 5 ستمبر 2022 تک ہال 2 اور 3 میں کیا گیا، نمائش میں مجموعی طور پر 57 کمپنیوں نے شرکت کی، نمائش کا افتتاح ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کیا، اس موقع پر پرنٹ پاک نمائش 2022 کمیٹی کے چیئرمین باسط ایم اے زیدی، پلاٹینم اسپانسر انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین پاپگائی عامر ظفر، سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالرحمن نقی اور دیگر بھی موجود تھے، ایڈمنسٹریٹر مرتضیٰ وہاب نے پرنٹ پاک نمائش 2022ء کا افتتاح کرتے ہوئے انڈسٹری کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے محمد سلیم بیکیا کی جانب سے توجہ دلانے پر اولڈسٹی ایریا اور بالخصوص پیپر مارکیٹ سمیت دیگر علاقے جو ٹیکس کی ادائیگی میں سب سے آگے ہیں، کی حالت درست کرنے کے لئے فوری اقدامات کا وعدہ کیا۔ انہوں نے محمد سلیم بیکیا کی جانب سے پیپر مارکیٹ کے سیوریج اور گندگی کے مسائل کے حل کے لئے 10 لاکھ روپے کی امداد کو سراہا اور کہا کہ وہ اس سلسلے میں تمام رکاوٹیں دور کرنے کے لئے تیار ہیں اور 6 ستمبر کو وہ ان کے دفتر میں آ کر کام کرنے کے لئے جس قسم کے این او سی درکار ہوں گے وہ فوری جاری کردیں گے۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ تاجر کے ایم سی کے ٹیکسز کی ادائیگی میں بھی آگے آئیں۔ انہوں نے پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت تمام منصوبوں کا خیر مقدم کیا۔ اس سے قبل نمائش کے پلاٹینم اسپانسر محمد سلیم بیکیا نے اپنے خطاب میں انڈونیشیا کے اے پی پی گروپ کے مہمانان گرامی Mr. Paulus Harianto (پروڈکٹ مینیجر، انڈسٹریل براؤن)، Mr. Ramdes Pera (سینئر مینیجر، نیو پروڈکٹ ڈویلپمنٹ، کارپوریشن ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ)، Ms. Helfi Irawaty (سیلز مینیجر، کارپوریٹ سیلز اینڈ مارکیٹنگ)، کے علاوہ کراچی میں متعین انڈونیشین قونصل جنرل Dr. june Kuncoro Hadiningrat، اور دیگر مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

اس موقع پر پاپگائی کے چیئرمین عزیز خالد نے کہا کہ انڈسٹری کے خام مال پر عائد 50 فیصد ڈیوٹی اور ٹیکسز اس کے لئے مشکلات کا باعث ہیں جبکہ کاغذ پر ڈیوٹی ملک میں دنیا بھر میں سب سے زائد ہے۔ یہ مسائل ہماری انڈسٹری کی ترقی کی راہ میں حائل ہیں ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ویلیو ایڈڈ صنعت کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نمائش صنعت کی ترقی کیلئے ایک کلیدی کردار ادا کرے گی جو ملکی اور غیر ملکی کمپنیوں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرنٹنگ، گرافکس اور آرٹس انڈسٹری ملک میں روزگار فراہم کرنے والی ٹیکسٹائل کے بعد دوسری سب سے بڑی صنعت ہے جو 20 لاکھ لوگوں کو روزگار فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے تمام مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ نمائش کا مقصد تمام اسٹیک ہولڈرز اور صنعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا ہے۔ حکومت انڈسٹری کی ترقی کے لیے ڈیوٹی اور ٹیکسز کی مد میں ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ 15 ہزار چھوٹے بڑے پرنٹنگ پریس اور بائنڈنگ پریس کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت ٹیکسز کے ضمن میں صنعت کو ریلیف فراہم کرے تو ہم نہ صرف مقامی طلب کو پورا کرسکتے ہیں بلکہ ملک کیلئے برآمدات کے ذریعے قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ عزیز خالد نے پرنٹنگ انڈسٹری کی ترقی میں سابق چیئرمین حضرات محمد سعید پریس والا مرحوم، محمد آفاق مرحوم، بلال شیخ مرحوم، احمد مرزا جمیل مرحوم اور دیگر کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اور ان کی دوسری اور تیسری نسلوں سے جو پرنٹنگ سے وابستہ ہیں انہیں دعوت دی کہ وہ آگے آئیں اور ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں۔ اس موقع پر انہوں نے آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا کا نمائش میں تعاون پر خصوصی شکریہ ادا کیا جن کے بھرپور تعاون کے باعث اس نمائش کا اجراء ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ اور حالیہ سیلاب کی صورتحال میں نمائش کا انعقاد ایک چیلنج تھا جسے ہم نے آئی بی ایم کے خصوصی تعان کے ساتھ ساتھ ہمارے گولڈ اسپانسرز سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ اور ڈان پیپر مارٹ کے تعاون سے قبول کیا اور اس میں ہمیں کامیابی ملی۔ اس موقع پر چیئرمین پرنٹ پاک کمیٹی 2022 باسط ایم اے زیدی نے اپنی ٹیم کے اراکین کا شرکاء سے تعاون کرایا اور کہا کہ یہ کامیابی اس پوری ٹیم کی مرہون منت ہے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی کو پاپگائی کی جانب سے یادگاری شیڈ دی گئی۔ افتتاحی تقریب میں لاہور سے سابق سینئر وائس چیئرمین پاپگائی سید مبین حسینی، سابق وائس چیئرمین پاپگائی ملک قدرت اللہ اور سابق چیئرمین پاپگائی عامر مجید سمیت متعدد افراد نے شرکت کی۔ کراچی سے شرکت کرنے والی نمایاں شخصیات میں سابق چیئرمین حضرات پاپگائی محمد اسماعیل میمن، سابق وائس چیئرمین اسماعیل عزیز، سابق چیئرمین ایس ایم صلاح الدین، آئی بی ایم کے صدر اور سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا، وائس چیئرمین اپیما انیس نور محمد، بیکیا انڈسٹریز کے محمد بلال بیکیا، سنچری پیپر ملز کے جنرل منیجر مارکیٹنگ تنویر احمد خالد، پیکیجز کے تنویر شیخ، عابد نثار، محمود احمد پائی، تنویر اقبال، عاصم اقبال، مراد اقبال، فائق شہزاد، ٹیکنیکل بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر مسرور، ایف ٹی او کے مشیر طاہر زیدی، ڈائریکٹر طاہر محمود کے علاوہ دیگر ممتاز شخصیات اور نمائش کنندگان کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ (رنگین تصاویر اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجئے)

## سینچری پیپر کا سالانہ اجلاس عام 28 ستمبر کو ہوگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا انتالیسواں (39واں) سالانہ اجلاس عام، الیکٹرانک ذرائع اور ویڈیو لنک سہولت کے ساتھ، بروز بدھ 28 ستمبر 2022ء کو بوقت دو پہر 03:00 بجے بمقام آواری ٹاورز ہوٹل، فاطمہ جناح روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔ جس میں 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات، تجویز کردہ منافع بطور مکمل ادا شدہ 10 فیصد بونس شیئرز کی حتمی منظوری اور آڈیٹرز کا تقرر کیا جائے گا۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# Expression of Gratitude

## Thank you to all.

**We are very grateful to all the customers of APP sinarmas group across Pakistan,**

**who have visited the APP sinarmas stall at the exhibition,**

**supported PrintPak 2022 and have trusted in our products.**

**APP sinarmas Group will endeavour and ensure to**

**supply super fine and high quality paperand paperboard products**

**at the most reasonable price.**

**From:**



**Mr. Paulus Harianto**
Product Manager
Industrial Brown



**Ms. Helfi Irawaty**
Sales Manager,
Corporate Sales
and Marketing



**Mr. Ramdes Pera**
Senior Manager
New Product Development
Corp. Research & Development



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

PrintPak 2022

IBM™

# آپ کا شکریہ

انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ IBM™ اپنے ملک بھر کے ان تمام کسٹمرز
کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے 3 تا 5 ستمبر 2022 کو کراچی ایکسپو سینٹر میں
منعقد ہونے والی پرنٹ پاک نمائش PrintPak 2022
میں ہمارے اسٹال کا دورہ کیا اور ہماری حوصلہ افزائی کی، آپ کی آمد ہمارے لئے باعث صد مسرت تھی،
IBM™ ہمیشہ کی طرح آپ کی پیپر و پیپر بورڈ کی کاروباری ضروریات کو
بروقت اور مناسب قیمت پر فراہمی کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے گا



## آپ کی آمد کا ایک بار پھر شکریہ

منجانب: محمد سلیم بیکیا، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ اور ٹیم (آئی بی ایم)

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

**International Business Management**
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award 2011-2012 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پرنٹ پاک نمائش 2022 کی افتتاحی تقریب کی تصویری جھلکیاں

















پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) کے زیراہتمام کراچی ایکسپوسینٹر میں منعقد ہونے والی پرنٹ پاک نمائش 2022 کا افتتاح 3 ستمبر کو ایڈمنسٹریٹر
کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ مشترکہ طور پر چیئرمین پاپگائی عزیز خالد، پرنٹ پاک نمائش 2022 کمیٹی کے چیئرمین باسط ایم اے زیدی، پلاٹینم اسپانسر انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا، سینئر
وائس چیئرمین پاپگائی عامر ظفر، سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالرحمن نقی اور بدر ا یکسپوسلوشنز کے سی او اوظہیر نصیر کر رہے ہیں۔ دیگر تصاویر میں انڈونیشین قونصل جنرل کراچی
Dr. june Kuncoro Hadiningrat، اے پی پی انڈونیشیا کے Mr. Paulus Harianto (پروڈکٹ منیجر، انڈسٹریل براؤن)، Mr. Ramdes Pera (سینئر منیجر، نیو
پروڈکٹ ڈویلپمنٹ، کارپوریشن ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ)، Ms. Helfi Irawaty (سیلز منیجر، کارپوریٹ سیلز اینڈ مارکیٹنگ) اور ڈاکٹر منہاج پاکستان کے قومی ترانے کے احترام میں کھڑے
ہیں۔ دیگر شرکاء میں مراد اقبال، م تنویر شیخ، سلمان ہارون، محمد اسماعیل میمن، عابد نثار، محمد انیس، فائق شہزاد، تنویر اقبال، ملک قدرت اللہ، تنویر خالد اور دیگر نمایاں ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پرنٹ پاک نمائش 2022 کے اسپانسرز کے لیے آئی بی ایم کی طرف سے تقریب پذیرائی

کراچی (نیوز ڈیسک) پرنٹنگ، گرافکس اور آرٹس انڈسٹری کی ترقی کے لیے ہونے والی پرنٹ پاک نمائش 3 ستمبر تا 5 ستمبر تک کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری رہی، اس سلسلے میں 5 ستمبر کی رات کو مقامی ہوٹل میں آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا نے نمائش کے شرکا اور اسپانسرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا۔ جس میں نمائش میں اسٹال لگانے والی کمپنیوں، اسپانسرز اور انتظامی کمیٹی کے ارکان میں شیلڈز اور ایوارڈز تقسیم کئے گئے۔ صدر فیڈ ریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری عرفان اقبال شیخ مہمان خصوصی تھے۔ جبکہ اسٹیج پر چیئرمین پاپگائی عزیز خالد، سینئر وائس چیئرمین عامر ظفر، اے پی پی کی Ms. Helfi Irawaty (سیلز مینیجر، کارپوریٹ سیلز اینڈ مارکیٹنگ) سی ای او آئی بی ایم محمد سلیم بیکیا، چیئرمین نمائش کمیٹی باسط ایم اے زیدی، ممتاز ماہر معاشیات قیصر بنگالی بھی موجود تھے۔ نظامت کے فرائض سلمان ہارون نے انجام دیئے۔ انہوں نے بتایا کہ نمائش کے دوران کئی ٹریننگ سیشن ہوئے اس کے علاوہ 26 مختلف پریسوں میں کام کرنے والوں کے لئے خصوصی امتحان کا انعقاد کیا گیا اور اس کے نتائج کا بھی تقریب میں چیئرمین سندھ ٹیکنیکل بورڈ ڈاکٹر مسرور نے اعلان کیا۔ اس موقع پر آئی بی ایم کی جانب سے خصوصی طور پر 5 لاکھ روپے کا چیک شبیر احمد قاضی ماسٹر ٹریز پاپگائی (MITTI) کو پیش کیا گیا۔ جنہوں نے پرنٹرز کی ٹیکنیکل ٹریننگ میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔ اس موقع پر محمد سلیم بیکیا نے فیڈ ریشن کی توجہ انڈسٹری کے مسائل کی طرف مبذول کرائی اور کہا کہ صنعتی آئٹم پر بھی 24 فیصد آر ڈی لگادی گئی ہے جس سے ملک میں لگائی جانے والی صنعتیں بند ہوجائیں گی اور بیروزگاری میں اضافہ ہوگا۔ فیڈ ریشن اس سلسلے میں فوری طور پر اقدامات اٹھائے۔ ملکی معیشیت کی بہتری کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں تاجروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور انڈر انوائسنگ، مس ڈیکلریشن مقامی اور درآمدی تجارت سے ختم کرنا ہوگی۔ ممتاز ماہر معاشیات قیصر بنگالی نے کہا کہ ہماری معیشت حقیقت میں وینٹی لیٹر پر ہے اور ہم جتنے بھی قرض لے رہے ہیں وہ پرانے قرضے اتارنے کے لئے لے رہے ہیں۔ حکومت کو اپنے اخراجات کم کر کے بجٹ خسارہ کم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ہم آمدنی سے 30 فیصد زائد خرچ کر رہے ہیں، اس طرح ہماری برآمدات کے مقابلے میں درآمدات زیادہ ہیں اور یہ سب ہم قرض لے کر چلا رہے ہیں جو زیادہ عرصہ نہیں چل سکتی۔ انہوں نے فیڈ ریشن کے صدر سے کہا کہ وہ حکومت کو اس بات کا پابند کرائیں کہ وہ تجارتی و صنعتی پالیسی کے لئے تاجروں کی مشاورت کو لازمی قرار دے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی صنعتوں کو ترقی دینا ہوگی اور ہم ٹریڈنگ کے ذریعے ملکی معیشت نہیں چلا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی خراب صورتحال کے باعث ملک میں لاقانونیت، ڈکیتی، چوریوں اور قتل میں اضافہ ہونے کا خدشہ ہے۔ حکومت اس سلسلے میں فوری کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دے تاکہ بے روزگاری کم ہو۔ صدر فیڈ ریشن عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ حکومت تاجروں کو اعتماد میں لئے بغیر پالیسیاں بناتی ہے اور جلد ہی اب تاجروں کی موثر آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے فیڈ ریشن میں ایک ریسرچ سیل یونس ڈھاگا کی سربراہی میں قائم کیا ہے اور حکومت کو اس سلسلے میں تجاویز بھیجی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 50 سال سے ملک کی معیشت کا یہی حال دیکھ رہے ہیں اور ہمیشہ یہ سنتے رہے ہیں کہ ملکی معیشت صحیح نہیں ہے لیکن یہ ملک چل رہا ہے اور چلتا رہے گا لیکن اب حکومت کو تاجروں کی آواز کو سننا پڑے گا۔ انہوں نے کامیاب نمائش کے انعقاد پر چیئرمین پاپگائی عزیز خالد اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دی۔ عرفان اقبال شیخ نے تمام تاجروں سے سیلاب ریلیف فنڈ میں عطیات دینے کی بھی بھرپور اپیل کی اور کہا کہ ہمیں اپنے 3 کروڑ سے زائد مصیبت زدہ انسانوں کی مدد کے لئے آگے آنا چاہئے۔ تقریب کے اختتام پر شیلڈ اور اجرک ٹوپی کے تحائف انڈونیشین قونصل جنرل، اے پی پی کے نمائندوں کو پیش کئے گئے۔ جبکہ خصوصی ٹرافی پلاٹینم اسپانسر آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا کو پیش کی گئی جو عثمان بیکیا نے وصول کی۔

## شیلڈ حاصل کرنے والے افراد واداروں کی فہرست

شیلڈز برائے پاپگائی ایگزی بیوشن کمیٹی

باسط ایم اے زیدی کنونیئر پرنٹ پاک 2022، عزیز خالد چیئرمین، محمد فاضل ولی وائس چیئرمین، سلمان ہارون، ایس ایم نصیر الدین، محمد اسماعیل عزیز، عاصم اقبال، عارف حسین صدیقی، محمد علی فاضلی، محمد اسماعیل میمن، ڈاکٹر ایس ایم منہاج الدین، عرفان صدیقی۔

شیلڈ برائے بدر ایکسپو ٹیم

زوہیر نصیر، جعفر عباس، سید فیصل علی، احتشام بری۔

پلاٹینم اسپانسر

محمد سلیم بیکیا Mr. Paulus Harianto

Mr. Ramdes Pera, Ms. Helfi Irawaty

Dr. june Kuncoro Hadiningrat

گولڈ اسپانسر

پیکجز گروپ، سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ، ڈان پیپر مارٹ،

مہمانان اعزازی

عامر ظفر، عبدالمجید، عامر مجید، سید مبین حسینی، شاہد اکرام شیخ، عرفان احمد، شبیر احمد قاضی۔

مہمان خصوصی

عرفان اقبال شیخ، پریزیڈنٹ ایف پی سی آئی

## سعودی عرب نے عمرہ ویزے کی معیاد ایک سے بڑھا کر 3 ماہ کردی

ریاض (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی وزارت حج و عمرہ نے عمرہ ویزے کی میعاد ایک سے بڑھا کر 3 ماہ کردی، سعودی حکام کے مطابق بیرون ملک سے عمرہ زائرین مقررہ وقت سے کم از کم 6 گھنٹے قبل سعودی عرب پہنچیں، پرواز میں 6 گھنٹے کی تاخیر پر عمرے کی بانگ ختم تصور ہوگی، پرمٹ جاری ہونے کے بعد مکہ نہ پہنچ سکنے کی صورت میں نئی بکنگ کی اجازت ہوگی اور 4 گھنٹے قبل بکنگ میں تبدیلی کرانے کی صورت پہلی بکنگ منسوخ کرنا ہوگی۔

## پرنٹ پاک نمائش 2022 میں شرکت کرنے والی کمپنیوں کی فہرست

انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ (پلاٹینم اسپانسر)، ڈان پیپر مارٹ (گولڈ انسپانسر)، سینچری پیپر ملز لمیٹڈ (گولڈ انسپانسر)، پیکجز لمیٹڈ، آرٹوٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ، احمد ٹریڈنگ کو (اے ٹی سی)، اے ٹی سی پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ، کارپوریٹ لنک، سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ، گرافک ڈیجیٹل (کوڈک)، امپرنٹ (کے بی اے)، انٹرلنک انجینئرنگ، ایل ام انٹرنیشنل، اسٹار انٹرپرائزز، دی ٹائم پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، اسپرنگ انک پرائیویٹ لمیٹڈ، ڈیجیٹل سلوشن، ڈیجیٹل پروس پرائیویٹ لمیٹڈ، ال فلاح انٹرپرائزز، احتشام پیکجز پرائیویٹ لمیٹڈ، ایڈوانس امیجن سلوشن، حسینی پیپر مارٹ، ما پرنٹنگ ٹو پیک، ایف ایم ٹریڈرز، ٹیکنو فورم ٹریڈرز، پولیمار انٹرنیشنل پرائیویٹ لمیٹڈ، الیکٹرو پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ، انٹرلنک گرافکس، سلوے، اے ٹو زی سوئچ گیئر انجینئرنگ، جے کے ٹریڈنگ، دی ٹرمینیٹرز، خورشید امپیکس پرائیویٹ لمیٹڈ، سائمہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، ونٹیج گرافکس مشینز، پی پی ای سی ایل، پاک برونائی انویسٹمنٹ کمپنی، ٹیکنو ٹریڈ، دین سن، گراف ٹیک، ڈی اے ایچ اے صفہ یونیورسٹی، انڈسٹریل سورس بک آف پاکستان، ای زون، باؤنڈ لیس ٹیکنالوجیز، ٹائم پبلشرز پرائیویٹ لمیٹڈ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ایس ایم ای ڈی اے، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان، پاک سوئڈش انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (ایس ٹی ای وی ٹی اے) میمن انڈسٹریل اینڈ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ (ایم آئی ٹی آئی)، اروڑہ یونیورسٹی آف آرٹ ایگریکلچر ڈیزائن اینڈ ہیریٹیج سندھ، ایس ٹی بی ای، انڈس یونیورسٹی، رنگون والا کمیونٹی سینٹر، دی ہونر فاؤنڈیشن، بیت السلام پبلی کیشنز، پاکستان بزنس ایسوسی ایشن (پی بی اے)۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# روپے کی قدر میں کمی کی وجہ ڈالر کی افغانستان اور ایران سے ٹریڈ کیلئے اسمگلنگ ہے

کراچی (نیوز ڈیسک) روپے کی قدر میں کمی کی وجہ ڈالر کی اسمگلنگ میں اضافہ ہے، افغانستان کی درآمدات کے لئے بھی پاکستان کا ڈالر استعمال ہورہا ہے، ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل ظفر پراچہ کے مطابق آئی ایم ایف سے معاہدے اور قرض کی قسط مل جانے کے باوجود ڈالر کی قدر میں اضافے کی وجہ پاکستانی ڈالر کی اسمگلنگ ہے ،افغانستان میں پاکستان کی نسبت ڈالر کی قیمت 10 روپے زیادہ ہے، حوالہ اور ہنڈی کا کاروبار بھی افغانستان کے راستے ہورہا ہے، بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ انٹر بینک میں ڈالر 219 روپے ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں 232 روپے سے بڑھ چکا ہے، انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں اتنا فرق تشویش ناک ہے، ظفر پراچہ نے بتایا کہ زیادہ تر ڈالر افغانستان اسمگل ہورہا ہے لیکن کچھ مقدار میں ایران بھی جارہا ہے کیونکہ حکومت نے لگژری اشیاء کی درآمد پر اگرچہ پابندی ختم کردی ہے لیکن ان پر ڈیوٹی بہت بڑھادی ہے جس کی وجہ سے ان اشیاء کی اب اسمگلنگ شروع ہوگئی ہے اور اس کے لئے ڈالر چاہیے، یہ ڈالر بلیک مارکیٹ سے خریدا جارہا ہے اس لئے افغانستان میں ڈالر 10 روپے مہنگا فروخت ہورہا ہے، افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے لئے بھی ڈالر پاکستانی مارکیٹ کا استعمال ہورہا ہے، افغان تاجر اگر پاکستان سے کوئی چیز امپورٹ کرنا چاہتے ہیں تو انھیں افغان بارڈر پر ڈالر ظاہر کرنا ضروری ہے لیکن یہاں بھی وہ مقامی اہلکاروں سے ملکر 1000 ڈالر ظاہر کرکے دستاویزات میں ایک لاکھ ڈالر کی انٹری کرالیتا ہے اور بقیہ تمام ڈالر پاکستان کی مارکیٹ سے خریدتا ہے، اسی طرح ایران سے اسمگل ہونے والی تمام اشیاء کے لئے بھی ڈالر پاکستان سے جارہا ہے۔

## انڈونیشیا۔پاکستان سے دوطرفہ تجارت کا فروغ ضروری ہے، قونصل جنرل

کراچی (بزنس ڈیسک) انڈونیشیا کے قونصل جنرل ڈاکٹر جون کونکورو ہیڈینیرات (Dr. june Kuncoro Hadiningrat) نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، انھوں نے دوطرفہ تجارت کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین باہمی تجارت کے فروغ کے لیے پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین آزاد تجارتی معاہدہ یقینی طور پر دونوں ملکوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایف پی سی سی آئی کی پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل (پی آئی بی سی) کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں قونصل فار اکنامک افیئرز ڈیجو مارا سپری یادی، ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال، نائب صدر شبیر منشاء چھرہ، نائب صدر شوکت علی عمرسن، ایف پی سی سی آئی کی پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل کے چیئرمین عابد نثار، سابق نائب صدر مسز نازلی عابد، سابق صدر سلطان ریحان، طارق انیس، سہیل نثار، سمیر گلزار، زوہیب خان، محمد نسیم، شہباز، امجد سلطان و دیگر بھی شریک تھے۔ انڈونیشین قونصل جنرل نے پاکستانی تاجر برادری پر زور دیا کہ وہ انڈونیشین تاجروں کے ساتھ روابط بڑھائیں اور بزنس ٹو بزنس میٹنگز کا اہتمام کریں اس حوالے سے قونصلیٹ ان کی بھرپور معاونت کرے گا۔ انڈونیشیا کے ساتھ دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لیے ایسی مصنوعات برآمد کی جائیں جن کی ڈیمانڈ زیادہ ہے جس سے پاکستان کی برآمدات پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال نے کہا کہ دونوں ملکوں کے تاجروں کو اپنی اپنی مارکیٹوں میں ڈیمانڈ کے مطابق مصنوعات کا جائزہ لینا چاہیے اور ایک دوسرے کے ساتھ ٹریڈ کو ترجیح دینا چاہیے۔ اس وقت ون وے تجارت زیادہ ہے جو انڈونیشیا کے حق میں ہے جبکہ پاکستان کو برآمدی لحاظ سے انڈونیشین مارکیٹوں میں اپنا شیئر بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔ ایف پی سی سی آئی کی پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل کے چیئرمین عابد نثار نے انڈونیشین قونصل جنرل کا خیرمقدم کرتے ہوئے قونصل جنرل کو بتایا کہ ایف پی سی سی آئی تجارت وصنعت کی ایپکس باڈی ہے جو تاجر وصنعتکار برادری کو درپیش مسائل حل کرنے میں فعال اور اہم کردار ادا کررہا ہے۔ پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل کا اولین مقصد باہمی تجارت کا فروغ، نئی تجارتی راہیں اور مارکیٹیں تلاش کرنے میں اپنا تعاون پیش کرنا ہے۔

## مسافروں کی فاسٹ ٹریک فارم پر کرنے کی شرط ختم

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بیرون ملک سے پاکستان آنے والے مسافروں کی فاسٹ ٹریک ایپلیکیشن پر فارم بھرنے کی لازمی شرط نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر کے حکم پر ختم کردی ہے۔ پی سی اے اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر سلیمان غوری نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ اگر کورونا کیسز میں اضافہ سامنے آیا تو دوبارہ مذکورہ شرط شروع کی جاسکتی ہے۔

## ندیم عارف ڈی جی جنرل آف انسداد بے نامی اقدام تعینات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 21 کے افسر محمد ندیم عارف کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انسداد بے نامی اقدام اسلام آباد (لاہور اسٹیشن) میں ڈی جی تعینات کر دیا گیا ہے، محمد ندیم عارف نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے قبل ازیں وہ ممبر ایڈمن ایف بی آر کے طور پر فرائض انجام دے رہے تھے۔ دریں اثنا ایف بی آر نے ماتحت اداروں کی جانب سے ملک میں بے نامی اداروں اور منی لانڈر نگ میں ملوث عناصر کے خلاف کیس ڈائریکٹوریٹ جنرل انسداد بے نامی اور ڈائریکٹوریٹ جنرل انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کو نہ بھجوانے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب کے فیصلے پر عملدرآمد کی فائل کمپلائنس رپورٹ بھجوانے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت کی ہدایت پر ایف بی آر نے ٹیکس چوری کو بھی منی لانڈرنگ قرار دے کر ٹیکس چوروں کیخلاف منی لانڈرنگ کے کیس بنانے اور ڈائریکٹوریٹ جنرل انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو کو انکے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار دے رکھا ہے۔

## لاہور ہائی کورٹ: منی لانڈرنگ قانون کے تحت ایف بی آر کے نوٹسز کالعدم قرار

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے تاریخی فیصلہ سناتے ہوئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے انسداد منی لانڈرنگ قانون کے تحت جاری کردہ نوٹسز کے خلاف ٹیکس دہندگان کی سیکڑوں درخواستیں منظور کرتے ہوئے نوٹسز کو کالعدم قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا نے درخواست گزاروں کو جاری کیے گئے متنازع نوٹسز کو کالعدم قرار دے دیا، عدالت نے اس سے قبل درخواست گزاروں کو عبوری ریلیف کی فراہمی کے لیے نوٹسز پر عمل درآمد کرنے سے روک رکھا تھا۔ ٹیکس دہندگان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشواروں میں بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات نہ ہونے پر اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت انہیں نوٹسز جاری کر دیے تھے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا گیا کہ ٹیکس گوشواروں میں بینک کی تفصیلات ظاہر نہ کرنا اینٹی منی لانڈرنگ قانون کے تحت جرم نہیں ہے۔ درخواست گزاروں نے بتایا کہ ایف بی آر کے پاس 2020 سے پہلے یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ منی لانڈرنگ کے خلاف قانون لاگو کرے، استغاثہ کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا کہ ایف بی آر نے درخواست گزاروں کو براہ راست نوٹسز جاری کرکے سپریم کورٹ کے فیصلوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ عدالت کے روبرو ایف بی آر کے وکیل نے درخواستوں کی مخالفت کرتے ہوئے اصرار کیا کہ درخواست گزاروں کا موقف سننے کے لیے جاری کردہ نوٹس قانونی طور پر جاری کیے گئے تھے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کسٹمز میں گریڈ 17 تا گریڈ 20 کے افسران کے تبادلے وتقرریاں

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے گریڈ 17 تا گریڈ 20 کے 74 افسران کے تبادلوں وتقرریوں کے دو الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشنز کے مطابق گریڈ 20 کی مس ثمینہ شہزاد کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن لاہور، ڈاکٹر طاہر قریشی کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن گوادر، منیب سرور کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن پشاور، مس زیبا اظہر کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آر انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی، فیاض انور کو ڈائریکٹر ہیڈ کوارٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ان پٹ آؤٹ پٹ کو ایفیشنٹ آرگنائزیشن کراچی، مس ارم مقبول عامر کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ان پٹ آؤٹ پٹ کو ایفیشنٹ آرگنائزیشن اسلام آباد، سعید اکرم کو چیف ٹیرف ٹریڈ ایف بی آر اسلام آباد، ملک کامرن اعظم خان کو چیف ریفارم ایف بی آر اسلام آباد، فیروز عالم جونیجو کو کلکٹر، کلکٹر آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن ٹو کراچی، عرفان الرحمن خان کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ نارتھ اسلام آباد، محمد محسن رفیق کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ لاہور، سید اسد رضا رضوی کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور، رشید حبیب خان کو چیف ایف بی آر اسلام آباد، ارف علی کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمس اینڈ آٹومیشن کراچی، شفیق احمد لاک کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایکسپورٹ پورٹ قاسم کراچی، انجینئر ریاض احمد کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن ون کراچی، آصف عباس کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آ لاء اینڈ پروسیکیشن لاہور، مس منیز مجید کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن لاہور، مس صائمہ آفتاب ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ نارتھ کسٹمز اسلام آباد، عثمان باجواہ کو کلکٹر کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کراچی، باسط مقصود عباسی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن فیصل آباد، مس سعدیہ منیب کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل نیوکلیئر ڈیٹکشن لاہور، عبدالوحید مروت کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن، اسلام آباد، عامر رشید شیخ کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کراچی، سید فواد علی شاہ کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنلل آڈٹ ساؤتھ کراچی، فیاض رسول کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز ویلیوایشن کراچی، ثناءاللہ ابڑو کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کراچی، محمد عامر تھہیم کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کراچی، یوسف حیدر اچکزئی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ ڈیرہ اسماعیل خان، محمد اسماعیل کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈیکیشن کوئٹہ، فرخ سجاد کو کلکٹریٹ، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایکسپورٹ کراچی، محمد نیئر کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز سمبڑیال سیالکوٹ، محمد سعید وٹو کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ فیصل آباد، مس سائرہ آغا کو ڈائریکٹر، پاکستان کسٹمز اکیڈمی لاہور، عائشہ نیاز کو ڈائریکٹر پاکستان کسٹمز اکیڈمی اسلام آباد، آغا سعید احمد کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کوئٹہ، مس بیلام زمان کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آر انفورسمنٹ لاہور، نوید الٰہی کو چیف ایکسپورٹ اینڈ ایکزمشن ایف بی آر اسلام آباد، گریڈ 19 کے شفقت علی خان نیازی کو چیف او پی ایس پی اے سی ایف بی آر اسلام آباد، کامران نعیم کو چیف او پی ایس ایف اینڈ سی ایف بی آر اسلام آباد، ارباب قیصر حمید کو ڈائریکٹر، او پی ایس، ڈائریکٹوریٹ آف ویلیوایشن پشاور، معین الدین احمد وانی کو کلکٹر، او پی ایس، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ پشاور، ازدق افضل کو چیف او پی ایس ایف بی آر اسلام آباد، رضوان صلابت کو چیف او پی ایس کسٹمز آپریشن اسلام آباد، محمد مقصود کو ڈائریکٹر، او پی ایس، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ڈی این ایف بی پی ایس اسلام آباد، نضیر احمد کو کلکٹر، او پی ایس، کلکٹریٹ آف کسٹمز گلگت بلتستان، رحمت اللہ وسترو کو ڈائریکٹر، او پی ایس، ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، جمشید علی تالپور کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، پاکستان کسٹمز اکیڈمی کراچی، فرید احمد خان کو ڈائریکٹر او پی ایس ڈائریکٹوریٹ آف کراس باڈر کرنسی موومنٹ اسلام آباد، نوید اقبال ڈائریکٹر، او پی ایس ڈائریکٹوریٹ جنرل انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کوئٹہ، محمد سعید اسد کو ڈائریکٹر او پی ایس ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ملتان، محمد رشید منیر کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن پشاور، عبدالٰہی شیخ کو ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، محمد ممتاز علی کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ملتان، عمر شفیق ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کراچی، غلام نبی کمبو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کراچی، رضوان بشیر کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن لاہور، شاہد جاء کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن راولپنڈی، اطہر نوید کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ پشاور، افضال احمد وٹو کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی، محمد حسن فرید کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آر لاہور، احسان اللہ شاہ کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن حیدرآباد، محمد قاسم کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کوئٹہ، مس نوشین ریاض خان کو ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی، گریڈ 18 کے عمر بن ظفر چٹھہ کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن پشاور، انعام اللہ وزیر کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی، مس نازیہ سلیم کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن اسلام آباد، امانت خان کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن، پشاور، نجیب ارجمند کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کوئٹہ، رئیسہ کونل کو ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی، گریڈ 17 کے علی تالپور کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ملتان، سہیل سرور کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کوئٹہ، جمیل احمد کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کراچی کے عہدوں پر تعینات کیا گیا ہے۔

# لاہور: پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کے گرد گھیرا تنگ

لاہور (نیوز ڈیسک) لاکھوں پراپرٹی مالکان سے اربوں روپے کے ٹیکس کی وصولی نہ ہونے پر صوبہ بھر کے 21 ارب کے سابقہ واجبات کے لئے زونز کے ریکارڈ کی چیکنگ کا آغاز کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق لاہور کا 9 ارب سمیت پنجاب بھر کا 21 ارب کا پراپرٹی ٹیکس وصول نہیں کیا گیا، پراپرٹی ٹیکس نادہندگان اور کئی کئی سال سے واجبات ادا نہ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لیے ایکسائز ہیڈ آفس نے ورکنگ شروع کرکے مخصوص زونز کے ریکارڈ کی چیکنگ کا آغاز کردیا ہے۔ لاہور سمیت پنجاب بھر کے تمام اضلاع کا واجبات کی وصولی کے لئے خفیہ سروے کیا جارہا ہے۔ محکمہ ایکسائز کے حکام کے مطابق اب تک چیکنگ کے مطابق لاہور کے 2 زون سے سوا ارب کے ڈیفالٹرز کی پراپرٹیاں سامنے آگئیں۔ ایکسائز کے ریکارڈ اور اربن یونٹ کے ڈیش بورڈ پر گزشتہ 8 سال سے 21 ارب کے واجبات سامنے آئے ہیں۔ سابقہ واجبات کی وصولی کے لئے سروے میں پراپرٹیوں کی تفصیلات چیک کی جارہی ہے۔ رواں سال بھی پراپرٹی ٹیکس میں 21 ارب کا ہدف دیا گیا ہے جبکہ لاکھوں پراپرٹی ٹیکس ڈیفالٹرز سے ڈی جی ایکسائز کے حکم پر سابقہ واجبات کی وصولی کی جائے گی۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور مکمل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آرٹ پیپر، درآمدی بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 31 اگست 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آٹ کارڈ، نیویا آرٹ پیپر میٹ/ گلوس چائنا، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، ریئل، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی، آرٹ پیپر جاپان، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر پاورٹیک، وائی ایم سی، لیبل ٹیک اور گولڈ ٹیک جی ایس ایف اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ آرٹ پیپر جاپان او جے آئی کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔270۔300 اور 350 گرام، 390 روپے سے کم ہوکر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 430 روپے سے کم ہو کر 415 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 365 روپے سے کم ہوکر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 365 روپے سے کم ہوکر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 164 روپے سے بڑھ کر 166 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 365 روپے سے کم ہو کر 354 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 371 روپے سے کم ہوکر 352 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 362 روپے سے کم ہو کر 353 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 360 روپے سے کم ہوکر 350 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے کم ہوکر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 395 روپے سے کم ہوکر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 990 روپے سے کم ہوکر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1120 روپے سے کم ہوکر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 990 روپے سے کم ہوکر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1150 روپے سے کم ہوکر 1120 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہوکر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ـ 70 گرام، 1300 روپے سے کم ہوکر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A_13 .5_70 گرام، 1340 روپے سے کم ہوکر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 960 روپے سے کم ہوکر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1080 روپے سے کم ہوکر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1080 روپے سے کم ہوکر 1075 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1200 روپے سے کم ہوکر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 980 روپے سے کم ہوکر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 1060 روپے سے کم ہوکر 1040 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2800 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 3000 روپے سے کم ہوکر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2810 روپے سے کم ہوکر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے کم ہوکر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3000 روپے سے کم ہوکر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خوراک اور امدادی سامان پر سیلز ٹیکس کی مکمل چھوٹ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کہا ہے کہ سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اشیا خوراک اور امدادی سامان پر سیلز ٹیکس کی مکمل چھوٹ دی، بیان میں ایف بی آر کے ترجمان نے بتایا کہ ایف بی آر کو سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اشیا پر ٹیکس چھوٹ سے متعلق بہت سے سوالات موصول ہورہے ہیں۔ ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ سیلاب زدگان کے لئے مقامی اور درآمد شدہ اشیا اور خوراک پر سیلز ٹیکس کی مکمل چھوٹ دی گئی ہے تاہم اس کے لیے این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کی تصدیق ضروری ہے۔ ترجمان نے مزید وضاحت کی ہے کہ سیلز ٹیکس کی چھوٹ 30 اگست 2022ء سے لے کر 90 دن کی مدت کے لئے ہے۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## بیرون ملک ڈالر لیجانے پر پابندی' آئندہ سو ڈالر اور ۲۱۰۰ کے ٹریولر چیک جاری کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (پیپر بزنس نیو ز) ذمہ دار ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کے ڈالر ساتھ لے جانے پر پابندی عائد کردی ہے۔ قانون کے مطابق بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کو ۲۲ سو ڈالر لے جانے کی اجازت تھی مگر حکومت کے نوٹس میں یہ بات لائی گئی کہ کرنسی کا دھندا کرنے والے لوگ مختلف ممالک کے ویزے لگوانے کے بعد ڈالر حاصل کرکے بلیک میں فروخت کردیتے ہیں جبکہ بعض ایجنٹوں نے اپنے مخصوص لوگوں کے کئی کئی پاسپورٹ بنوا رکھے ہیں جن پر ہزاروں ڈالر جاری کروا کے بلیک میں فروخت کردیئے جاتے ہیں۔ اس تناظر میں حکومت نے تمام بینکوں کو ہدایات جاری کردی ہیں کہ بیرون ملک سیاحت کے لئے جانے والوں کو صرف سو ڈالر کیش کی صورت میں اور ۲۱ سو ڈالر کے ٹریولر چیک جاری کئے جائیں۔ بینکوں نے اس حکم پر فوراً طور پر عمل در آمد شروع کردیا ہے۔

## متنازعہ CRF کی کیش انٹری کو ان بانڈ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے

### امپورٹرز کے لئے اپیلوں کی حتمی مدت کا تعین' فیڈریشن ہاؤس میں پی ایس آئی کمپنیز کے نمائندوں اور تاجروں کا اجلاس

